# انسدادِ بدمعاشی اور ہراسگی والی پالیسی

ہم پختہ یقین رکھتے ہیں کہ کسی بھی قسم کی بدمعاشی یا ہراسگی کسی بھی طور پر جائز نہیں ہوتی ہے۔

منظور شدہ از: 15 دسمبر 2021

ورژن: 2

مالکانہ حقوق: سیف پریکٹس (Safe practice)

Girlguiding کا پختہ یقین ہے کہ کسی بھی قسم کی بدمعاشی یا ہراسگی کسی بھی طور پر جائز نہیں ہوتی ہے۔

یہ پالیسی Girlguiding کی بدمعاشی اور ہراسگی کے بارے میں صفر رواداری کی حکمتِ عملی کی وضاحت کرتی ہے۔ اس کا اطلاق Girlguiding کے تمام ممبران، رضاکاروں اور عملے پر ہوتا ہے۔

یہ پالیسی بتاتی ہے کہ بدمعاشی اور ہراسگی سے ہماری کیا مراد ہے، ہم اپنے ممبران، رضاکاروں اور عملے سے کس طرح عمل اور برتاؤ کرنے کی توقع رکھتے ہیں اور ہم اس پالیسی کی خلاف ورزیوں کے واقعات کو کیسے مینیج کریں گے۔

بدمعاشی اور ہراسگی کی اطلاع دینے کے طریقے کی تفصیلات کے لیے ہمارا انسدادِ بدمعاشی اور ہراسگی کا طریقہ کار پڑھیں۔

## بدمعاشی کیا ہے؟

بدمعاشی سے مراد جان بوجھ کر ایسا سلوک کرنا ہے جو کسی دوسرے شخص یا لوگوں کو جسمانی یا جذباتی نقصان پہنچاتا ہو۔ یہ سلوک بار بار ہوتا ہے اور یہاں تک کہ آپ کے منع کرنے کے باوجود ختم نہیں ہوتا۔ اکثر اس کا موجب بدمعاشی کرنے والے اور بدمعاشی کے شکار فرد کے درمیان طاقت کا عدم توازن یا متصور طاقت کا عدم توازن ہوتا ہے۔ اور یہ متواتر اور غیر واضح بھی ہوسکتا ہے۔

بدمعاشی کی وجہ سے اس کے شکار شخص پر دیرپا جسمانی اثر پڑ سکتا ہے اور اس کی جذباتی خیر و عافیت بھی متاثر ہو سکتی ہے۔

## ہراسگی کیا ہے؟

ہراسگی سے مراد ایسا ناپسندیدہ رویہ ہے جو کسی کو ناگوار لگتا ہے، جس کی وجہ سے وہ خوفزدہ یا ذلت محسوس کرتے ہیں یا جو ایک پُر معاندانہ یا تحقیر آمیز ماحول پیدا کرتا ہے۔
مساوات ایکٹ 2010 میں بیان کردہ تحفظاتی خصوصیت کی وجہ سے کسی کو بھی ہراساں کرنا غیر قانونی امتیازی سلوک سمجھا جاتا ہے۔ اس میں جنسی طور پر ہراساں کرنا بھی شامل ہے۔ نہ صرف یہ قانون کے خلاف ہے، بلکہ یہ لوگوں کے اختلافات کی قدر کرنے اور انہیں قبول کرنے کے ہمارے عزم کے بھی خلاف ہے۔ یہ اس پالیسی اور ہماری مساوات اور تنوع کی پالیسی دونوں کی خلاف ورزی ہے۔ آپ ہمارے انسدادِ بدمعاشی اور

ہراسگی کے طریقہ کار میں بدمعاشی اور ہراسگی کو پہچاننے نیز تعلقاتی تنازعات کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے/کر سکتی ہیں۔

## پالیسی کا بیان

یہ پالیسی Girlguiding اور British Girlguiding Overseas کی تمام عمارات اور سرگرمیوں پر لاگو ہوتی ہے جیسے یونٹ کی میٹنگز، تقاریب اور کام کی جگہیں۔

اس کا اطلاق Girlguiding کے آن لائن اور آف لائن تمام مواصلات اور رویوں پر ہوتا ہے۔

ہم Girlguiding کے تمام رضاکاروں، ممبران اور عملے (بشمول ملازمین، افسران، کنسلٹنٹس، کنٹریکٹرز، انٹرنز، آرام دہ اور غیر آفیشل ملازمین اور ایجنسی ورکرز) سے توقع کرتے ہیں کہ:

- وہ ہماری مساوات اور تنوع کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے ہر ایک کے ساتھ عزت اور احترام کے ساتھ پیش آئیں گے تاکہ Girlguiding ایک ایسی جگہ بنے جہاں ہر ایک کا خیرمقدم ہو اور وہ اپنے طور پر آزاد ہو
- وہ ایک اچھی مثال قائم کرکے مثبت، جامع رویے کو فروغ دیں گے اور وہ ان لوگوں کو چیلنج کریں گے جو ایسا نہیں کرتے
- وہ مؤثر سیف گارڈنگ والے رویے کی پیروی کریں گے
- وہ اس رویے سے آگاہ رہیں گے جو ممکنہ طور پر بدمعاشی یا ہراسگی کا موجب بنتا ہے
- وہ جتنی جلدی ہو سکے ہمارے سیف پریکٹس ڈیپارٹمنٹ کو ممکنہ بدمعاشی اور ہراسگی کی رپورٹ کریں گے۔ اگر آپ عملے کے ممبر ہیں تو آپ کو اپنے مینیجر یا ہیومن ریسورسز کو اس کی رپورٹ کرنی چاہیے۔ مزید معلومات کے لیے ہمارے انسدادِ بدمعاشی اور ہراسگی کا طریقہ کار ملاحظہ کریں
- وہ مقامی طور پر نوجوان ممبران کے درمیان واقع ہونے والے بدمعاشی، ہراسگی یا تعلقاتی تنازعات کے واقعات کا جواب دیں گے۔ وہ مقامی کمشنروں کا استعمال کریں گے اور ہمارے سیف پریکٹس ڈیپارٹمنٹ کو مناسب طور پر رپورٹ کریں گے
- وہ بروقت اور شفاف طریقے سے جملہ واقعات سے نمٹیں گے

Girlguiding کے سپرد اپنے رضاکاروں کی دیکھ بھال کرنے کی ذمہ داری ہے۔ اگر کسی بھی رضاکار کو کسی نوجوان ممبر کے والدین یا کیئرر کی طرف سے بدمعاشی، ہراسگی یا دیگر نامناسب رویے کا سامنا کرنا پڑتا ہے، تو اس کی وجہ سے اُس نوجوان ممبر کی رکنیت واپس لی جا سکتی ہے۔ اس کی وضاحت ہماری نوجوان ممبران کی پالیسی میں کی گئی ہے۔

## اس پالیسی کی خلاف ورزیوں کو مینیج کرنا

ہم رضاکاروں کی جانب سے اس پالیسی کی خلاف ورزیوں کے واقعات پر ہماری بالغ رضاکاروں کے بارے میں خدشات کو مینیج کرنے کی پالیسی اور جہاں مناسب ہو، ہماری سیف گارڈنگ کی پالیسی کے مطابق کارروائی کرتے ہیں۔

اگر Girlguiding کے عملے کے ممبران اس پالیسی کی خلاف ورزی کرتے ہیں، تو ہم اپنے عملے پر تادیبی کارروائی کے طریقہ کار پر عمل کریں گے جسے آپ اسٹاف انٹرانیٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔

## ایک رضاکار یا عملے کے ممبر کے طور پر اندرونی راز فاش کرنا

ہم اپنے رضاکاروں اور عملے کے ممبران کو ممکنہ بدمعاشی اور ہراسگی کے بارے میں خدشات کی رپورٹ کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ لیکن ہم جانتے ہیں کہ آپ کو ایسا کرنا مشکل اور غیر آرام دہ لگ سکتا ہے۔ اس صورت میں، ہم آپ کو ہماری اندرونی راز فاش کرنے کی پالیسی اور طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے رپورٹ کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔

آپ اس پالیسی کو لاگو کرنے کے بارے میں مزید معلومات ہمارے انسدادِ بدمعاشی اور ہراسگی کے طریقہ کار میں حاصل کر سکتے/کر سکتی ہیں۔

**سپورٹ فراہم کرنے والی تنظیمیں**

ACAS – برطانیہ میں مقیم ملازمین کے لیے قانونی اور ہیومن ریسورسز کی مفت مدد۔

Anti-Bullying Alliance – مختلف تنظیموں اور افراد کا ایک اتحاد جو بدمعاشی کے خلاف متحد ہے۔

BulliesOut – ایک خیراتی ادارہ جو بدمعاشی کے بارے میں تعلیم، تربیت اور مدد فراہم کرتا ہے۔ نیز اس کے علاوہ بدمعاشی کا سامنا کرنے والے ہر شخص کے لیے ای میل کے ذریعے ایک مفت رہنمائی کی خدمت فراہم کرتا ہے۔

Childline – بچوں اور نوجوانوں کے لیے ایک مفت، رازدارانہ ہیلپ لائن۔ جو دن میں 24 گھنٹے مشورے اور تعاون فراہم کرتی ہے۔ بدمعاشی کے مسائل کے بارے میں ان کی ویب سائٹ پر ایک پورا سیکشن ہے۔

Family Lives/Bullying UK – بدمعاشی سے متاثرہ افراد کو مشورہ اور مدد فراہم کرنے والا خیراتی ادارہ۔

Northern Ireland Anti-Bullying Forum – ایک خیراتی ادارہ جس کا مقصد بدمعاشی کو ختم کرنا ہے

NSPCC – بچوں کے ساتھ بدسلوکی کے بارے میں معلومات فراہم کرنے والا برطانیہ کا معروف بچوں کا خیراتی ادارہ

Refuge – ایک خیراتی ادارہ جو اُن خواتین اور بچوں کی مدد کرتا ہے جنہوں نے تشدد اور بدسلوکی کا تجربہ کیا ہے

RespectMe – سکاٹ لینڈ کی بدمعاشی کے خلاف خدمات

Samaritans – ایک خیراتی ادارہ جو یہ یقینی بنانے کے لیے کام کر رہا ہے کہ ضرورت مند لوگوں کی مدد کے لیے ہمیشہ کوئی نہ کوئی دستیاب ہو

Switchboard –LGBT+ کمیونٹی کے لیے ایک رازدارانہ مدد کی خدمت

Victim Support – برطانیہ اور ویلز میں جرائم اور تکلیف دہ واقعات سے متاثرہ لوگوں کے لیے ایک آزاد خیراتی ادارہ

YoungMinds – بچوں اور نوجوانوں کی ذہنی صحت کے لیے لڑنے والا برطانیہ کا معروف خیراتی ادارہ

## مزید پڑھیں

Respect for All – بدمعاشی کا مقابلہ کرنے کے لیے سکاٹش حکومت کی ملکی حکمتِ عملی

Work and mental health (PDF) – چیریٹی مائنڈ (charity Mind) کی جانب سے شائع کردہ ایک دستاویز

Advice from Mind on workplace bullying